© rasailojaraid.com

جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

**ایوان شریعت ہال میں طلباء کے لئے تقریب انعامات کا انعقاد:** جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے وسطانی امتحانات میں نمایاں پوزیشن لینے والے طلباء کے اعلانات اور تقسیم انعامات کے سلسلے میں ایوان شریعت ہال دارالحدیث میں ایک پروقار اور سادہ تقریب کا انعقاد ہوا۔ اس کی صدارت مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے فرمائی۔ اس موقع پر جامعہ حقانیہ کے نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والوں کے نتائج کی تفصیل اور دیگر نتائج کے طریق کار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ آخر میں حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے طلباء کو امتحانات کی اہمیت اور امت مسلمہ کو درپیش چیلنجوں سے آگاہ فرمایا۔ اور خصوصاً اساتذہ کے ذیلی کمیٹی و دفتر تعلیمات کی شبانہ روز مساعی پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

**دارالعلوم کے وسطانی امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلباء کے اسمائے گرامی:**

(شعبہ حفظ) اول: میرزا گل بن فدا گل، دوئم: امر اللہ بن امیر محمد۔ سوئم: شفیع اللہ بن سراج الدین۔ (درجہ اعدادیہ) اول: سمیع الحق بن شریف محمد۔ دوئم: عبدالصمد بن محمد عالم۔ سوئم: شیر علی بن میر ولی۔ (درجہ متوسطہ) اول: عبدالنصیر بن محمود خان، دوئم: نور محمد بن سرفراز خان، سوئم: محمد رحمان بن جنت گل (درجہ اولیٰ) اول: بلال بن سید علی، دوئم: یوسف بن گل یوسف، سوئم: فیض الحسین بن حضرت بلال۔ (درجہ ثانیہ) اول: محمد طائف بن فرید شاہ۔ دوئم: عنوان اللہ بن ذر آمان اللہ۔ سوئم: محمد ابراہیم بن قاری سیف اللہ۔ (درجہ ثالثہ) اول: فضل رازق بن حاجی امیر زمان۔ دوئم: جمیل الرحمان بن بخت روان۔ سوئم: امان اللہ بن سیف الملوک۔ (درجہ رابعہ) اول: امتیاز علی بن خان ترین۔ دوئم: عتیق الرحمان بن شفیق الرحمان۔ سوئم: ضیاء الرحمان بن ممتاز خان۔ (درجہ خامسہ) اول: عابد مسرور بن مسرور گل۔ دوئم: محمد بلال بن امتیاز احمد۔ سوئم: نوشیر زمان بن رقیب خان۔ (درجہ سادسہ) اول: سجاد علی بن عبدالخالق۔ دوئم: انیس الرحمان بن بہرہ مند۔ سوئم: امین اللہ بن محمد جلیل۔ (درجہ تکمیل) اول: نور الوہاب بن سید رسول، دوئم: امان اللہ بن محمد عزیز۔ سوئم: ثناء اللہ بن عجب خان۔ سوئم: فضل مولیٰ بن گل حبیب۔ (درجہ موقوف) اول: حافظ محمود الحسن بن شیخ الحدیث مولانا مغفور اللہ صاحب۔ دوئم: محمد کامل بن محمد عاقل۔ سوئم: شبیر احمد بن وصال احمد۔ (درجہ دورہ حدیث) اول: عزیز اللہ بن عبداللہ جان۔ دوئم: عزیز الرحمان بن تمیاری خان۔ دوئم: فیض السلام بن عبدالسلام۔ سوئم: عبدالکریم بن جمال الدین۔ (درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی) اول: محمد ادریس بن ہدایت الرحمان۔ دوئم: ریاض اللہ خان بن رضا خان۔ سوئم: محمد عثمان بن فیروز خان۔ (شعبہ کمپیوٹر) اول: ظہور شاہ بن سبیل شاہ۔ دوئم: محمد عارف بن محمد صادق۔ سوئم: عتیق الرحمان بن شفیق الرحمان۔

© rasailojaraid.com